سوال

(304) نس بندی کے ذریعے منع حمل کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں عنقریب چوتھے بچے کی ماں بننے والی ہوں اور یہ ولادت میری صحت کی خرابی کی وجہ سے آپریشن سے ہوگی اس سے قبل بھی میرے تینوں بچے بڑے آپریشن سے ہوئے ہیں، اب میری صحت کو خطرہ ہے اور ڈاکٹروں نے بھی یہی مشورہ دیا ہے کہ اب آپ نس بندی کا آپریشن کروالیں اور آئندہ بچے پیدا نہ کریں اگر شرعی طور پر ایسا کرنا جائز ہو تو نہ میرے خاوند کو اس پر کوئی اعتراض ہے اور نہ ہی مجھے تو کیا ایسا کرنا جائز ہے؟

مجھے آپ کی نصیحت درکار ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس (نس بندی کے) آپریشن میں کوئی حرج نہیں، جب ڈاکٹر یہ فیصلہ کردیں کہ اس کا مزید اولاد پیدا کرنا صحت کے لیے نقصان دہ ہے اور خاوند اس کی اجازت دے دے تو اس میں حرج والی کوئی بات نہیں۔ (واللہ اعلم) (شیخ ابن باز رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح و طلاق

ص385

محدث فتویٰ